آسٹریلیا ایک اننگز اور 48 رنز سے کامیاب

لاہور،2 دسمبر2019ء:

ایڈیلیڈ اوول میں کھیلےگئے ٹیسٹ میچ کی پہلی اننگز میں فالو آن کا شکار پاکستان کی ٹیم دوسری اننگز میں 239 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔ آسٹریلیا کے 589 رنز کے جواب میں پاکستان کی ٹیم بلے بازوں کی غیرمتاثرکن کارکردگی کے باعث پہلی اننگز میں 302 رنز پر ڈھیر ہوکر فالو آن کا شکا رہوگئی تھی ۔ ناقابل شکست ٹرپل سنچری اسکور کرنے پر آسٹریلیا کے اوپنر ڈیوڈ وارنر کو مین آف دی میچ کا ایوارڈ دیا گیا۔

اس سے قبل 248 رنز کے خسارے کا شکار پاکستان نے 3وکٹوں کے نقصان پر 39 رنز سے میچ کے چوتھے روز اپنی دوسری اننگز کا دوبارہ آغاز کیا تو شان مسعود اور اسد شفیق نےمیزبان ٹیم کے خلاف کچھ مزاحمت کی تاہم وہ پاکستان کو اننگز کی شکست سے نہ بچا سکے۔

شان مسعود 68 اور اسد شفیق 57رنز بناکر نمایاں بیٹسمین رہے۔

آسٹریلیا کی جانب سے نیتھن لائن نے دوسری اننگز میں پانچ کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ پہلی اننگز میں چھ وکٹیں حاصل کرنے والے مچل اسٹارک دوسری اننگز میں ایک وکٹ ہی حاصل کرسکے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk